سلیکٹ مجموعہ کا نرالا شاہکار

اشانت

अशांत

اسٹوری و گانے

قیمت ایک آنہ ۱

سینما بک ڈپو کھاری باؤلی دہلی

مختصر کہانی انتظار

زمانہ کے چکر نے بچپن ہی میں سلیم کو بہترین ساتھی نمی سے جدا کر دیا ماں اپنے بچے سلیم کو کراچی لے آئی اور مشہور کر دیا کہ نمی مر گئی ہے سلیم کو نمی کی یاد ہر وقت بے چین کئے رکھتی تھی سلیم نمی کی تلاش میں پریشان پھرنے لگا۔ جب حقیقت کے چہرہ سے فریب کا نقاب اٹھنے والا تھا اور سلیم اصلی نمی سے ملنے والا تھا اُسکے چچا بھونے کلہاڑی سے سلیم پر وار کیا سلیم زخمی ہو کر دریا میں گر پڑا اور پھر سلیم کے ساتھ کیا گزری ؟ نمی کس طرح سلیم سے ملی۔ یہ محبت سے لبریز دل ہلا دینے والا واقعہ جسے آپ پردہ سیمیں پر دیکھ کر کبھی نہ فراموش کرینگے :۔

انتظار کے گانے

نمبر ۱۔ جس دن پیا دل لے گئے۔ دکھ دے گئے
اس دن سے گھڑی پل ہائے۔ چین نہیں آئے
گھٹتی نہیں دل کی دوریاں۔ مجبوریاں
میرا تم بن جی گھبرائے۔ چین نہیں آئے
جب جھکیں پنچھی شام کے۔ رہ جاؤں میں دل کو تھام کے
کروں بین تمہارے نام کے۔ آنسو اب کس کام کے
لوٹا ہے تمہارے پیار نے۔ اقرار نے ۔۔۔۔
بیٹھی ہوں میں آس لگائے۔ چین نہیں آئے

آرام نہیں میرے بھاگ میں۔ میں تو کھو گئی غم کے راگ میں
دل جلتے جلتے سنبھل گیا۔ پیار کی ٹھنڈی آگ میں
جب یاد تمہاری آ گئی۔ تڑپا گئی۔ بیری دکھیا نین بھر آئے

نمبر ۲۔ جوانی کی راتیں جوانی کے دن
کتنے ہیں سارے۔ انگلی پہ گن!
دو چار راتیں۔ دو چار دن۔ تو جی لے۔ گا لے دھومیں مچا لے
رنگیں نظارے۔ جائیں نہ چھن اور ستانے۔ او دیوانے
بار بار نہیں آئیں گے پھر یہ زمانے چھیل چھبیلے۔ ہنس کر جی لے
جھوم جھوم کے گائے جا۔ پیار کے ترانے جینا ہے تو مر لے پیار کسی سے کر لے
دو دن کا جینا اور پیار بن؟ ہائے زمانہ بیری پُرانا
بار بار تجھے ٹوکے گا۔ ہار نہ جانا خواب ادھورے کر لے پورے
توڑ تاڑ کے سارے بندھن پیار نبھانا
کٹیں ہنستے ہنستے جیون کے رستے
غم کا سفر ہے کتنا کٹھن تو جی لے۔ گا لے دھومیں مچا لے
رنگیں نظارے جائیں نہ چھن۔ جوانی کی ۔۔۔۔۔۔

نمبر ۳۔ آ گئے گھر آ گئے۔ بلم پردیسی۔ سجن پردیسی
سنو سنو ساون کی گھٹائیں۔ کیا گائیں
پیا ملن کے گیت سنا کر مجھ کو مست بنائیں
برس بہی ہیں رس کی بوندیں۔ پیار کے بادل چھا گئے۔ گھر آ گئے۔۔۔۔

بن بن آج میرے ساجن کی دھوم مچی ہے
لہر ہوا کے جھونکے تجھ میں اپنی جبکہ رچی ہے
تو مجھ سے جو چھپ کر گزرا۔ میں سجھی رہ آ گئے
تھر آ گئے گھر آ گئے۔ سجن......

نمبر۴۔ چاند ہنسے دنیا بسے روئے میرا پیار رے
درد بھرے دل کے میرے ٹوٹ گئے تار۔ چاند ہنسے.....
پلکوں کی چھاؤں تلے اشکوں کی آگ جلے
تیری خبر پاؤں کہاں۔ جاؤں کہاں بس نہ چلے
رہ نہ سکوں۔ راہ تکوں۔ بین گئے ہار۔ چاند ہنسے.....
بچپن کی یاد لئے۔ ہونٹوں پہ فریاد لئے
روتی ہوئی جاؤں کہاں۔ میں دل برباد لئے
تو ہے کہاں۔ تیرے بنا۔ جینا ہے دشوار۔ چاند ہنسے.....

نمبر۵۔ غضب کیا تیرے وعدے پہ اعتبار کیا
تمام رات قیامت کا انتظار کیا۔
آجی جا آبھی جا.......
دیکھ آکر ذرا مجھ پہ گزری ہے کیا تیرے پیار میں
مجھ سے دنیا کہے بھول جاؤں تجھے پر نہیں یہ میرے اختیار میں
آبھی جا۔ آبھی جا.........
کس طرح اب سہوں میں جدائی کے غم۔ ایک دل ہے میرا اور لاکھوں ستم

نام لوں جب تیرا لوگ بگلی کہیں اب تو آجا تجھے ہر غم کی قسم
دیکھو تیرے لئے۔ حسرتوں کے دئے۔ جل رہے ہیں دل بیقرار میں

آبھی جا آبھی جا.........

میرا دل ہے کہ مسلا ہوا پھول ہے۔ آرزو ہے کہ اُڑتی ہوئی دھول ہے
ہیں نے کلیاں چنیں مجھ کو کانٹے ملے۔ زندگی ہے کہ تقدیر کی بھول ہے
چھا گئی ہے خزاں۔ اٹھ رہا ہے دھواں۔ لگ گئی آگ فصل بہار میں
آبھی جا۔ آبھی جا.........

اس مجبور بے پیار لاچار ہے۔ سانس لینا بھی فرقت میں دشوار ہے
کس طرح کم ہوں دکھ درد کے فاصلے۔ راستے میں اندھیرے کی دیوار ہے
کچھ نہیں سوجھتا۔ ڈھونڈتی ہوں تجھے۔ تجھ کو آواز دے مجھ کو آواز دے
لٹ گئی میں تیرے انتظار میں۔ آبھی جا.........

نمبر ۶۔ آنکھ سے آنکھ ملا لے سوچ کر نہ متوالے
بڑھ کے جام اٹھا لے۔ آنکھ سے آنکھ ملا لے
دیکھ دیکھو میرا ہونٹ گلابی آج رات نہیں کون شرابی
بھول تو بھی دکھ اپنا.........

جھوم جھوم کے کہے رات سہانی۔ بار بار نہیں آئے جوانی
ایک رات کا سپنا۔ بگڑی بات بنا لے۔ سوچ کر نہ متوالے
دیکھ دیکھو مورے نین رسیلے۔ ساتھ ساتھ میرے جھوم چھبیلے
مجھ سے کاہے شرمائے.........

ایک ایک پل بڑا سہانا۔ سوچ سمجھ کر کیوں جان گنوانا
رات بیت نہ جائے دل کی پیاس بجھائے۔ سوچ کر نہ متوالے
آنکھ سے آنکھ ملائے.........

نمبر ۷۔ او جانے والے ٹھہر ذرا۔ رک جاؤ۔ لوٹ آؤ

ایک بات میری سن جانا۔ سن جانا میں تم کو صدائیں دیتی ہوں
میرا بچپن تم نے بھلایا۔ بہت تڑپایا۔ میں پھر بھی دعائیں دیتی ہوں
بھول جا نیوا لے رے۔ اور مجھے نہ تڑپاؤ۔ لوٹ آؤ
پہنچ پیار کیا دکھ پایا۔ دکھ پایا۔ تم حال نہ میرا جان سکے
میں تو دردکی دھن میں کھوئی چھپ چھپ روئی۔ پر تم نہ مجھے پہچان سکے
ترسانے والے رے۔ آ گلے لگ جاؤ۔ لوٹ آؤ۔۔۔۔

نمبر ۸ - چھن چھن ناچوں گی۔ گن گن گاؤں گی
سیاں موہے آئیں گے میں ان کو رجھاؤں گی
چھن چھن ناچوں گی۔۔۔۔۔۔
گھڑی گھڑی سپنے آتے رہے جن کے
یا با میں نے ان کو دن گن گن کے
انگنا میں اپنے میں کلیاں بچھاؤں گی۔ چھن چھن۔۔۔۔۔۔
بگلی کوئلیا گاتی پھرے بن میں
میں بھی کیوں نہ گاؤں پیا کی لگن میں
اپنے پیا کی میں پپیہا بن جاؤں گی۔ چھن چھن۔۔۔۔۔
کر کے بہانے کھاؤں گی نہ قسمیں
اب تو رہوں گی پیا جی کے بس میں
پکڑیں گے سیاں تو بہیاں نہ چھڑاؤں گی۔
چھن چھن۔۔۔۔۔۔۔۔۔

نمبر ۹۔ رُوم جھوم۔ جھوم۔ جھوم جھوما نانانانا
ساون کی گھنگھور گھٹاؤ.........
ترس گئے میرے نین پیا بن۔ برس برس مت مجھے رلاؤ
ساون کی گھنگھور گھٹاؤ........

رُوم جھوم۔ جھوم۔ جھوم۔ جھیتا نانانانا
رم جھم برسیں بادل کالے جھم جھم نیناں روتے ہیں
ساون بھادوں کی رُت میں کچھ کیسے بھی دن ہوتے ہیں
بھول گئی میں تو پیار کے جھولے۔ تم بھی ملن کے گیت نہ گاؤ
ساون کی گھنگھور گھٹاؤ......

رُوم جھوم۔ جھوم۔ جھوم
بھیگی رات بن کوئل کوکے
ہوک اُٹھے میرے سینے میں
ساجن سے میں دور پڑی ہوں۔ آگ لگے اس جینے میں
اُجڑ گئی میرے پیار کی دنیا۔ مجھ برہن کا سوگ مناؤ
ساون کی گھنگھور گھٹاؤ......
ترس گئے مورے نین پیا بن۔ برس برس مت مجھے رلاؤ
ساون کی گھنگھور گھٹاؤ......

ختم شد

(م۔ب)

سینما فلمی سنگیت بہار

اس کتاب کو ضرور آپ [illegible] کو موجودہ وقت کے بہترین سے چیدہ چیدہ [illegible] گانے ملیں گے جن [illegible] آپکا دل [illegible] باغ باغ ہو جائیگا ساتھ ہی [illegible] اپنے اندر [illegible] دکار دیا [illegible] [illegible] آپ [illegible] میں [illegible] [illegible] ایک [illegible] جائے گا۔

[illegible] کی تان

فلمسنگر [illegible] کی سچی [illegible] تمام فلموں میں گائے ہوئے گانوں کا شاندار مجموعہ جسے [illegible] دل پر [illegible] آپ کو بھول جاتا [illegible] معمولی بچہ بھی گا سکتا ہے۔ جلد [illegible] قیمت [illegible] علاوہ محصول [illegible]

سینما بک ڈپو کھاری باؤلی دہلی